Tuen Mun Hospital
Department of Paediatrics & Adolescent Medicine

ٹوئن من ہاسپٹل
پیڈیاٹرکس اینڈ ایڈولیسنٹ
میڈیسن ڈپارٹمنٹ

Understanding Febrile seizure
بخار میں رعشہ کو سمجھنا

Urdu Version 2022

کیا بخار میں رعشہ دوبارہ پڑے گا؟

تقریباً ایک تہائی بچے کہ جن کو بخار میں رعشہ کی تشخیص ہوتی ہے، انہیں مزید دوروں کے حملے ہو سکتے ہیں، خاص طور پر جن میں مرگی کی خاندانی ہسٹری موجود ہو۔

ریکٹل ڈائیازیپم کا استعمال

ڈائیازیپم ایک عام طور پر استعمال ہونے والی دوا ہے جو بارہا دورے کے شکار بچوں میں اس مرض پر قابو پانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ اگر دورے دوبارہ پڑنے لگ جائیں تو ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق دوا استعمال کریں۔ ادویات کے استعمال کے بعد آپ کے بچے کو نیند آ سکتی ہے۔

کیا میرا بچہ بخار میں رعشہ کے مرض میں مبتلا ہو کر معمول کی زندگی گزار پائے گا؟

اگر مناسب طریقے سے انتظام کیا جائے تو، بخار کے رعشہ کا شکار ہر بچہ نارمل اور خوشگوار زندگی گزار سکتا ہے۔

In case of doubt or discrepancy between this translated version and the Chinese/English texts, the Chinese/English shall prevail. You may request a Chinese/English leaflet.

اس ترجمہ شدہ نسخہ اور چینی/انگریزی متون میں کسی شبہ یا تضاد کی صورت میں، چینی/انگریزی کو فوقیت حاصل رہے گی۔ آپ چینی/انگریزی کتابچہ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

鳴謝 Acknowledgement اقرار نامہ

新界西醫院聯網
New Territories West Cluster
نیو ٹیریٹوریز ویسٹ کلسٹر

病人啟力基金
Patient Empowerment Programme
پیشنٹ ایمپاورمنٹ پروگرام

ریلیز کی تاریخ: اکتوبر 2022
Date of Printing : Oct. 2022

بخار میں رعشہ کیا ہوتا ہے؟

بخار میں رعشہ ایک ایسا دورہ ہوتا ہے جو جسم کے درجہ حرارت میں اضافے سے پڑتا ہے۔ دورے کے دوران، بچہ عام طور پر بے ہوش ہو جاتا ہے اور اس کے اعضاء سخت پڑ جاتے ہیں یا ان میں جھٹکے لگتے ہیں، آنکھوں کے ڈھیلوں اوپر کو گھومنے لگ جاتے ہیں اور بے قابو ہوتے ہیں۔ دورے کا حملہ عام طور پر صرف چند منٹ تک رہتا ہے، شاذ و نادر ہی 15 منٹ سے زیادہ ہوتا، اور اس کے بعد غنودگی یا نیند کی ایک مختصر مدت ہوتی ہے۔

بخار میں رعشہ کے اسباب

بخار میں رعشہ بچپن میں پیدا ہونے والی سب سے زیادہ عام خرابی ہے۔ چھ ماہ سے 5 سال کی عمر کے تقریباً 5٪ بچوں کو بخار میں رعشہ ہو سکتا ہے۔ بخار میں سادہ نوعیت کا رعشہ ایک جینیاتی عارضہ سمجھا جاتا ہے۔
زیادہ تر بخار کا رعشہ بخار کی بیماری کے دن ہوتا ہیں۔
وائرس سے لگنے والی بیماری سب سے عام وجہ ہے۔
شاذ و نادر مواقع پر، گردن توڑ بخار یا ورم دماغ جیسے شدید انفیکشن بخار میں رعشہ کو متحرک کرسکتے ہیں۔ اس لیے تمام بچوں کو بخار میں رعشہ کے دوران فوری طبی امداد کی ضرورت پڑتی ہے۔

کیا بخار میں رعشہ خطرناک ہوتا ہے؟

بخار میں رعشہ عام طور پر 5 منٹ سے بھی کم وقت کا ہوتا ہے۔ اس طرح کا مختصر دورہ مہلک نہیں ہوتا ہے اور دماغ کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

کیا بخار میں رعشہ کا مطلب مرگی ہے؟

نہیں۔ بخار میں رعشہ مرگی نہیں ہے جب تک کہ بچے کو بغیر بخار کے دورہ پڑ جائے۔ لہذا، بخار کے دورے کے لئے طویل مدتی ادویات اس کے بارہا ہونے کو روکنے کے لیے تجویز نہیں کی جاتی ہیں۔

جب میرے بچے کو بخار میں رعشہ ہو جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

1. پُر سکون رہیں۔
2. بچے یعنی لڑکا/لڑکی کو پہلو کے بل لٹا دیں۔ دورہ کے دوران بچے کو اس عمل سے نہ روکیں۔



پہلو کے بل والی پوزیشن پر (لٹائیں جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔

3. منہ میں یا دانتوں کے درمیان کوئی ایسی چیز نہ ڈالیں جس سے ہوا میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو۔
4. اپنے بچے کو خطرناک اشیاء، مثلاً تیز کناروں، برقی اشیاء اور گرم چولہوں سے دور رکھیں۔
5. اپنے بچے کے قریب رہیں اور اس کا قریب سے مشاہدہ کریں۔
6. اگر دورہ 10 منٹ سے زیادہ رہتا ہے تو، آپ کے بچے کو فوری طور پر اپنے نزدیک ترین ہسپتال کے ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ میں لے جانا چاہیے۔

توجہ

بچے کے منہ میں یا دانتوں کے درمیان کوئی چیز (اپنی انگلیوں سمیت) مت ڈالیں کیونکہ اس سے دم گھٹ سکتا ہے۔

میں بخار کی دیکھ بھال کیسے کروں؟

آپ اپنے بچے کو مانع بخار ادویات (مثلاً پیراسیٹامول) دے سکتے ہیں اور بچے کو بیدار ہونے پر زیادہ سیال پینے کی ترغیب دے سکتے ہیں۔
ٹھنڈا کرنے کے طریقے جیسا کہ ہلکے کپڑے پہننا، کمرے کے درجہ حرارت کو کم کرنا اور 15 منٹ تک ہلکا پھلکا آرام دینا بھی راحت فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔
لیکن بخار کا علاج ٹھنڈے پانی سے نہانے یا الکوحل سے غسل کرنے سے نہیں کیا جانا چاہیے جو کہ بخار کو کم کرنے میں خطرناک اور غیر موثر ہیں۔